بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# جہاز میں نماز پڑھنے کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

مولانا! جہاز میں میں نے قبلہ دیکھا تو یہ سیٹوں کی سمت میں ہے یعنی تین سیٹیں جس ترتیب سے ہوتی ہیں قبلہ بھی اسی رخ میں ہے۔ ان سیٹوں پر کھڑے رہنے کی جگہ بھی بڑی مشکل ہے کیونکہ چھوٹا جہاز ہے۔ تو ایسی صورتحال میں یہاں سیٹوں پر کھڑے ہو کر نماز پڑھنی چاہیے یا سیٹوں پہ بیٹھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں؟

اس مسئلہ کو واضح فرمادیں۔ جزاک اللہ۔

**سائل: محمد علی**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہوائی جہاز میں بھی نماز پڑھنے کے لیے قیام فرض ہے۔ اس لیے قبلہ رخ ہوتے ہوئے اگر سیٹوں کے پاس یا دروازے وغیرہ کے قریب قیام کر کے نماز پڑھ سکتے ہوں تو قیام کر کے نماز ادا کریں۔ اگر سیٹوں کے علاوہ ان جگہوں پہ نماز ممکن نہ ہو تو سیٹوں پہ قیام کے ساتھ نماز ادا کر سکتے ہیں لیکن اگر سیٹوں پر نماز پڑھنا قیام کے ساتھ ممکن نہ ہو تو ایسی صورت میں بیٹھ کر نماز نہیں پڑھ سکتے بلکہ اب نماز کو مؤخر کر دیں۔ جب جہاز سے اتر جائیں گے تو وقت ہو تو ادا کر لیں ورنہ قضاء پڑھ لیں۔

**واللہ اعلم بالصواب**

محمد الیاس گھمن

**17-اکتوبر2021ء**